© rasailojaraid.com



نام کتاب: "اسلام دینِ قیم"

مؤلف: پروفیسر ظفر احمد / پروفیسر ابرار محی الدین

ضخامت: ۹+۵٦٧=۵٧٦

ناشر: میاں برادرز سینٹر بہاولپور

قیمت: ۷۵روپے

تبصرہ نگار: احمد معاویہ، کراچی،

فی زمانہ عوام و خواص میں دین سے بے رغبتی اور غیر اسلامی علوم و افکار اور تہذیب و تمدن کی طرف اشتغال نے دینی علوم سے محرومی ہی نہیں بخشی بلکہ بنیادی عقائد و اعمال اور اسلامی تہذیب و معاشرت سے برگشتگی بھی پیدا کر دی۔ اس سلسلے میں ہمیں افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ کالجوں اور یونیورسٹیوں سے ایم اے، پی ایچ ڈی کی سند کے حامل افراد بھی دین اسلام کے بنیادی عقائد اور اپنی مذہبی تاریخ سے ناواقف ہیں۔ ان کا مبلغ علم محض چند مغربی مفکرین کے دُوراز کار فلسفیانہ فقروں اور جملوں تک ہوتا ہے۔ ہمارا اپنا نصابِ تعلیم دینی تعلیمات کے سلسلہ میں اتنا بخیل واقع ہوا ہے کہ ایک چھوٹا بچہ نرسری سے ایم اے تک پہنچ جاتا ہے مگر اسے معلوم نہیں ہوتا کہ سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ مسلمانوں کے پہلے خلیفہ تھے یا خاکم بدہن تحریکِ پاکستان کے رہنماؤں میں سے تھے۔ (کالج اور یونیورسٹی سے تعلق رکھنے والے صاحبانِ علم اس صورتحال سے بخوبی واقف ہیں)

زیرِ نظر کتاب ایسی ہی علمی محرومیوں اور عملی خلا کو پُر کرنے کے لئے تالیف کی گئی ہے، یہ کتاب گو کہ کالج کے طالب علموں کے لئے امتحانی نقطۂ نظر سے لکھی گئی ہے مگر اس کے مندرجات کی وسعت نے اِسے مستقل کتاب کی حیثیت دے دی ہے۔ اور اس بناء پر اس کی افادیت صرف محدود طبقے کے لئے نہیں ہے بلکہ عام لوگوں کی دلچسپی اور معلومات کا بہت سا سامان جمع ہو گیا ہے۔

کتاب چار حصوں میں تقسیم ہے، حصہ اول عقائد پر مشتمل ہے، حصہ دوم میں قرآن و حدیث اور اس کی جمع و تدوین کے موضوعات شامل ہیں۔ حصہ سوئم سنت بحیثیت مآخذ قانون و شریعت اور صحاح ستہ کے تعارف پر مشتمل ہے۔ جبکہ حصہ چہارم میں "اسلام

© rasailojaraid.com